پریس ریلیز

30 جولائی 2015ء

اسٹیٹ بینک ایل یو ایم ایس (LUMS)، آئی بی اے اور آئی ایم ایس میں اسلامی مالیات کے سینٹر آف ایکسی لینس قائم کرے گا

اسٹیٹ بینک میں مالی اختراع چیلنج فنڈ (FICF) کے تیسرے مرحلے کے تحت پاکستان میں اسلامی مالیات میں مہارت (Excellence) کو فروغ دینے کے سمجھوتے پر دستخط کی تقریب منعقد کی گئی۔ یہ اسٹیٹ بینک کے مالی شمولیت پروگرام کا حصہ ہے جس کے لیے فنڈ برطانیہ کا محکمہ برائے عالمی ترقی (DFID) فراہم کررہا ہے۔ دستخط کی تقریب سے اعلیٰ تعلیم دینے والے ممتاز اداروں کے ساتھ اختراعی اسلامی مالیات کی تعلیم وتحقیق کے منصوبوں میں شراکت داری سے متعلق ایف آئی سی ایف پر عملدرآمد کے مرحلے کا آغاز ہوگیا ہے، جس کا افتتاح قبل ازیں 09 جنوری 2015ء کو وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کیا تھا۔

اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر جناب سعید احمد جو ایف آئی سی ایف ایڈوائزری کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں انہوں نے دستخط کی تقریب کو دیکھا اور اس کی میزبانی کی۔ ڈپٹی گورنر و کمیٹی کے چیئرمین سعید احمد نے کامیاب اداروں کو ایسے منصوبوں کی تجاویز دینے پر مبارکباد پیش کی جن سے پاکستان میں اسلامی مالیات کی تعلیم وتحقیق کے لیے پلیٹ فارم تشکیل دینے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ کمیٹی نے چیلنج فنڈ کے تحت موصول ہونے والی تجاویز کی طویل فہرست میں سے بہترین منصوبوں کا انتخاب کرنے کے لیے متعدد طویل میٹنگز کی ہیں۔ یہ فیصلہ جانچ پڑتال کے یکساں واضح معیار کی بنیاد پر کیا گیا ہے جس میں مجوزہ اختراعات (Innovations) کے منفرد ہونے، خیالات کی پائیداری اور مالی شمولیت (Financial Innovations) کے امکانات شامل ہیں تاکہ زرعی قدر کو مستحکم کیا جاسکے۔

جناب سعید احمد نے جوش وجذبے اور امید کا اظہار کرتے ہوئے کامیاب اداروں پر زور دیا کہ وہ آئندہ 12 مہینوں کے دوران اپنے منصوبوں کو مکمل کریں تاکہ پاکستان میں اسلامی مالی تحقیق کے مزید انفراسٹرکچر کی بروقت تشکیل کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ سینٹر آف ایکسی لینس کے قیام سے معیاری وقدر اضافی (Value added) کی حامل خدمات اور علمی مصنوعات کے ذریعے اس شعبے میں انسانی وسائل اور معلومات کے بڑھتے ہوئے فرق کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

تقریب میں انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے)، لاہور یونی ورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) اور انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز (آئی ایم سائنسز) کے ساتھ 3 منصوبوں پر دستخط کیے گئے۔

ایف آئی سی ایف بڑے مالی شمولیت پروگرام (FIP) کا ایک جز ہے جس پر اسٹیٹ بینک، یوکے ایڈ (UK Aid) کے مالی تعاون سے عملدرآمد کررہا ہے اور اس کا مقصد پاکستان میں مالی شمولیت کو فروغ دینا ہے۔ فنڈ کا پہلا اور دوسرا مرحلہ مالی شمولیت پر مبنی حکومت سے فرد (G2P) کو ادائیگیوں اور دیہی وزرعی فنانسنگ کو فروغ دینے پر منعقد کیا گیا تھا۔

****

شرکاء کے گروپ فوٹو کا کیپشن

کراچی: مالی اختراع چیلنج فنڈ (ایف آئی سی ایف) کی دستخط کی تقریب میں شرکاء کے ساتھ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک جناب سعید احمد کا گروپ فوٹو۔